کاغذ اگرچہ اخباری ہے مگر مجلّد کتاب کی قیمت صرف پندرہ روپے اس ضخامت کے ساتھ انتہائی سستی ہے بالخصوص اس صورت میں کہ یہ کتاب اچھروی صاحب کی تلبیس اور تاریخی غلط بیانیوں کا تجزیہ ہی نہیں علم کا ایک وسیع سمندر بھی ہے جو صحیح سمت میں امتِ مسلمہ کی راہنمائی کرتا ہے۔

نام کتاب . . . . تاریخ التقلید

مصنف . . . . مولانا محمد اشرف سندھو

ضخامت . . . . ۲۴۴ صفحات سائز ۲۰ × ۲۶/۸

قیمت . . . . ۱۲ روپے

ملنے کا پتہ . . . . دارالاشاعت اشرفیہ سندھو بلوکی ضلع قصور

مسلمانوں کی اکثریت علماء وفقہاء کے اقوال وفتاویٰ کو اس درجہ واجب سمجھ رہی ہے کہ کتاب وسنت کی اتباع کو گمراہی کا نام دینے میں ذرہ بھر جھجک محسوس نہیں کرتی۔ چنانچہ دیوبند کے مسلمہ بزرگ مولانا اشرف علی تھانوی ایک جگہ لکھتے ہیں:

"اہل حق (فرقہ ناجیہ) صرف اہل سنت والجماعت ہی ہے جو کہ معتبر اجماع کے ساتھ مذاہب حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی پر مشتمل ہے . . . . رہے اہلِ بدعت وگمراہ فرقے تو ان میں سے غیر مقلدین کا گروہ ہے جو کہ کتاب وسنت کی اتباع کا دعویدار ہے"

تھانوی صاحب کی اس تحریر سے ظاہر ہے کہ ان کے نزدیک تقلید ہی مذہبِ حق کا واحد معیار ہے اور جو کوئی صحابہؓ کے طرزِ عمل پر قرآن وحدیث کو قبول کرتا ہے وہ سب سے بڑا بدعتی وگمراہ ہے۔ نعوذ باللہ من ذالک!

مولانا محمد اشرف سندھو اعلی اللہ مقامہ نے اپنی زندگی میں اس غلط عقیدہ کی اصلاح کی شدید ضرورت محسوس کرتے ہوئے "تاریخ التقلید" لکھی جس میں انہوں نے اسلام کے متفقہ دستور العمل کتاب وسنت اور تعامل خیر القرون کے دلائل، حقائق اور شواہد کا ذکر کرتے ہوئے تقلید کی پیدائش کے وجوہ، اسباب اور اس کی ترویج واشاعت کی اصلیت، پھر تقلید کے نقصانات کو گنواتے ہوئے محققین اسلام کے متفقہ فیصلہ سے یہ ثابت کیا کہ اصل اسلام کا عامل وحامل وہی طائفہ منصورہ ہے جو کتاب وسنت کو اپنی بنیاد قرار دیتا اور انہی کی روشنی میں اپنی زندگی کی راہیں متعین کرتا ہے۔

ہمیں یقین ہے کہ اگر تعصب کی عینک کو اتار کر کتاب کا بہ نظرِ غائر مطالعہ کیا جائے تو غلط فہمیوں کے